اجراء = ۱۰/ ۳/ ۱۴۴۳ھ

[illegible] = ۱۵/ ۳/ ۱۴۴۳ھ

(1173)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام

مسجد کے دو منزل ہو تو کیا دوسرے منزل پر پہلے صف میں کھڑے نمازیوں کو بھی پہلے صف کی ثواب ملے گا یا نہیں جبکہ نیچے منزل میں جگہ نہ ہو مدلل جواب دیکر رہنمائی فرمائیں جزاک اللہ خیرا

المستفتی عباد الرحمن

03466126168

واٹس ایپ نمبر: ۰۳۳۲۷۲۳۱۰۲۰

دار الافتاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام کہ مسجد کی دو منزلیں ہوں تو کیا دوسری منزل پر پہلی صف میں کھڑے نمازیوں کو بھی پہلی صف کا ثواب ملے گا یا نہیں جبکہ نیچے منزل میں جگہ نہ ہو؟

مدلل جواب دیکر رہنمائی فرمائیں۔"جزاک اللہ خیرا"

المستفتی: عبد الرحمن

03466126168

واٹس ایپ نمبر: ۰۳۳۲۷۲۳۱۰۲۰

★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

واضح رہے کہ مسجد کی پہلی صف سے مراد وہ صف ہے جو امام کے پیچھے متصل ہو، کیونکہ عام طور پر اس صف میں اس کو جگہ ملتی ہے جو مسجد آنے میں سبقت کرے، لہذا پہلی صف سے مراد امام والی منزل میں امام کے پیچھے متصل صف ہے، اوپر کی منزل کی پہلی صف نچلی منزل کی آخری صف کے بعد والی صف متصور ہوگی، مثلاً امام جس منزل میں نماز پڑھا رہا ہے اس میں پانچ صفیں ہوں تو اوپر کی پہلی صف چھٹی صف تصور کی جائے، کیونکہ اس صف کا بُعد امام سے زیادہ ہے۔(ماخوذ از کتاب الفتاوی (2/280)

کما فی الدر المختار مع رد المحتار (569/1) مط: ایچ ایم سعید

(وخیر صفوف الرجال اولها) وقال ابن عابدین لانه روی فی الاخبار "ان الله تعالی اذا انزل الرحمة علی الجماعة ینزلها اولا علی الامام ثم تتجاوز الی من بحذائه فی الصف الاول ثم الی الیامن ثم الی المیاسر ثم الی الصف الثانی.

وفی البحر الرائق (274/2) مط: فاروقیه

ثم تکلموا فی الصف الاول قیل هو خلف الامام فی المقصورة وقیل مایلی المقصورة نقل فی التاتارخانیة عن التهذیب المقام فی الصف الاول ماهو اقرب الی الامام خلفه ثم عن یمینه ثم عن یساره.

وفی بدائع الصنائع (151/1) مط: دار الکتب العربی

مکان المأموم اذا کان رجلا حیث یکون اقرب الی الامام لقوله النبی ﷺ خیر الرجال اولها، واذا تساوت المواضع فی القرب الی الامام فعن یمینه اولی لان النبی ﷺ کان یحب التیامن فی الامور.

دار الافتاء

وفی فتح القدیر (369/1) مط: رشیدیه،

ویصف الرجال ثم الصبیان ثم النساء ففی صحیح ابن خزیمه إن الله و ملٰئکته یصلون علی الصف الأول.

وکذافی الکتب الآتیة:

فقه الاسلامی وأدلته (223/2) مط: رشیدیة، فتح الملهم (510/3) مط: دار العلوم کراتشی، المبسوط للسرخسی (146/1) مط: دار الکتب العلمیه.

واللہ اعلم بالصواب

محمد احمد رئیسی عفی اللہ عنہ

دارالافتاء جامعہ اشرف المدارس کراچی

30/ ربیع الاول/ 1443ھ

6/ نومبر/ 2021ء

الجواب صحیح
احسان اللہ عفا اللہ عنہ
۳۰-۳-۱۴۴۳ھ

الجواب صحیح
محمد اللہ عفی عنہ
۳۰/۳/۱۴۴۳ھ

الجواب صحیح
بندہ عبید اللہ عفی عنہ
۳۰/۳/۱۴۴۳ھ

دار الافتاء
فتوی نمبر ۸۴/۱۸۶
مورخہ ۱/۴/۱۴۴۳ھ
7.11.2021
جامعہ اشرف المدارس کراچی